سے محروم کردے"۔

۱۲۔ "اللهم أعنا عليهم بسبع كسبع يوسفؑ ، اللهم عليك بأعداء الإسلام أجمعين"۔
(بخاری ۱۱/۱۹۷ بتصرف)
"اے اللہ! انہیں زمانہ یوسفی کی طرح سات سال قحط میں مبتلا فرما کر انکے خلاف ہماری مدد فرما۔ اے اللہ تو اسلام کے تمام دشمنوں کی گرفت فرما"۔

۱۳۔ خبیبؓ کی دعا: " اللهم احصهم عددا" (بخاری ۷/۴۳۸) " واقتلهم بددا ولا تبق منهم احدا"
(فتح الباری ۷/۴۴۳)
"اے اللہ انہیں گن گن کر چن لے۔ اور منتشر کر کے ہلاک کردے۔ اور ان میں سے کسی کو بھی باقی نہ چھوڑ"۔

۱۴۔ ﴿ **ربنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار** ﴾۔
(البقرہ ۲۰۱)
"اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما، اور آخرت میں بھی اچھائی مرحمت فرما، اور ہمیں جہنم کے عذاب سے محفوظ فرما"۔

اصلاح قوم کا ولولہ

اسلام ہے کہاں تو مسلمان ہیں کہاں — ملت کی عظمتوں کے نگہبان ہیں کہاں
جذبے کدھر گئے وہ ارمان ہیں کہاں — وہ قوم اور قوم کے سلطان ہیں کہاں

جاہ و جلال ملت بیضا کو کیا ہوا
اس سیل بے پناہ کے دریا کو کیا ہوا

آزاد ہو کے اب بھی مسلمان غلام ہیں — دانے کی جستجو کے لئے زیر دام ہیں
آقا ہمارے خیر سے وہ ٹام سام ہیں — ہم ان کی پیروی میں رواں صبح و شام ہیں

طاری ہے خوف ہم پہ ہنود و یہود کا
یہ اس لئے کہ قوم کو چسکا ہے سود کا

ثناء اللہ حسن

اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

3-7-2001 ششماہی امتحانات کے نتائج کا اعلان ہوا۔

3-7-2001 مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایک تبلیغی وفد نے جامعہ سمیت مختلف مساجد کا تبلیغی دورہ کیا۔

4-7-2001 الشیخ محمد سعد الدوسری المحترم مدیر مکتب اسلام آباد پاکستان اور فضیلۃ الشیخ عبدالرحمٰن الغیث تشریف لائے اور کلیۃ الشریعۃ سمیت مختلف تعمیراتی پروگراموں کا معائنہ کیا۔

18-7-2001 الشیخ عبدالرحمٰن مکی تشریف لائے اور اساتذہ اور طلباء سے خطاب فرمایا۔

26-7-2001 مدرسہ تحفیظ القرآن الکریم الرحمانیہ کریس میں پہلی بار بعض طلبا وطالبات کی تکمیل حفظ کے پرمسرت موقع پر برانچ ھذا کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب تقسیم اسناد منعقد ہوئی۔ جس میں علماء ،عمائدین اور عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

02-8-2001 مدرسہ تعلیم القرآن والحدیث گوند بلغار میں تقریب ختم البخاری منعقد ہوئی۔ جہاں دو طالبات نے بخاری شریف مکمل کی تھی۔ شیخ الحدیث جامعہ دار العلوم مولانا ثناءاللہ سالک صاحب نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر درس دیا۔ بعدازاں اساتذہ جامعہ نے اسی مناسبت پر تقاریر کیں۔ اس پر وقار تقریب میں علاقہ بلغار کے عوام بھی شریک ہوئے۔

08-8-2001 جمعیت طلباء جامعہ دار العلوم کے زیر اہتمام تقریری مقابلے میں حافظ یوسف یعقوب نے اول، ثناءاللہ محمد باقر نے دوم، حافظ ساجد عبدالملک نے سوم پوزیشن حاصل کی۔ انکے ساتھ تمام شرکاء کو قیمتی کتب بطور انعام دی گئیں۔

26-8-2001 تعلیمی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سالانہ امتحان کے متعلق امور پر کئی اہم فیصلے کئے گئے۔

09-9-2001 امتحانات سے متعلق ہنگامی اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ آخری کلاس کے ضمنی امتحانات شفوی ہوں گے، تین رکنی کمیٹی لیا کرے گی۔

11-9-2001 جناب بشیر الدین صاحب مع کنبہ تشریف لائے اور جامعہ کے مختلف پروگرام کا معائنہ کیا۔

26-9-2001 جمعیت طلباء کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرأت میں حافظ عمران یوسف اول، حافظ عبدالسلام دوم